# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 84 | صفحات : 08 | ۲۸ مارچ ۲۰۲۶ بروز سنیچر وار بمطابق ۸ شوال ۱۴۴۷ | Saturday 28th March 2026 | جلد نمبر 58




### ایمباپے تاریخی ریکارڈ کے قریب

فرانس کی برازیل کے خلاف دوستانہ میچ میں ۱-۲ سے جیت کے بعد، کائلین ایمباپے ملک کے سب سے زیادہ گول کرنے والے ریکارڈ سے صرف ایک گول کی دوری پر آ گئے ہیں۔ ایمباپے نے برازیل کے گول کیپر ایڈرسن کے اوپر خوبصورت چپ شاٹ کھیلتے ہوئے ٹیم کو برتری دلائی۔ لیورپول کے ہیوگو ایکیٹکے نے فرانس کے لیے دوسرا گول اسکور بنایا۔ (تفصیلات اندر)




### زویریو سنر کا سامنا کریں گے

فرانسسکو سیرونڈولو کے خلاف ۶-۱، ۶-۲ سے شاندار فتح درج کر کے سیمی فائنل میں جگہ پکی کرلی ہے، جانک سنر سے ہو گا۔ یہ پہلا موقع ہے جب ۲۷ سالہ زویریو ایک ہی سیزن میں انڈین ویلز اور میامی دونوں ٹورنامنٹس کے آخری چار میں پہنچے ہیں۔ اپنے ۲۵ ویں اے ٹی پی ماسٹرز ۱۰۰۰ سیمی فائنل میں پہنچنے کے بعد زویریو نے کہا، «کل کا امتحان سب سے مشکل ہو گا۔ (تفصیلات اندر)

## زوجیلا میں برفانی طوفان میں 6 لوگ ہلاک، 5 زخمی

### گاڑیاں برف کے نیچے دب گئیں، ہلاک ہونے والوں میں کئی خواتین اور بچے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر اور لداخ کو جوڑنے والی سرینگر–لیہہ شاہراہ پر جمعہ کو اُس وقت قیامت صغریٰ بپا ہوگئی جب زوجیلا پاس کے زیرو پوائنٹ کے قریب ایک بڑا برفانی تودہ گر آیا، جس کی زد میں آ کر متعدد گاڑیاں دب گئیں۔ اس افسوسناک سانحے میں کم از کم چھ افراد ہلاک ہوگئے، پانچ دیگر زخمی جبکہ ایک شخص کے لاپتہ ہونے کی بھی اطلاع ہے۔ مقامی انتظامیہ، پولیس، فوج اور بی آر او کی ریسکیو ٹیموں نے فوری طور پر کارروائی شروع کرتے ہوئے متاثرہ مقام پر بڑے پیمانے پر بچاؤ آپریشن شروع کیا ہے۔ عینی شاہدین کے مطابق، دوپہر کے وقت اچانک ایک زوردار گھڑام کی آواز آئی اور چند ہی سیکنڈز میں بھاری برف گاڑیوں پر آن گری۔ برفباری اور تیز ہواؤں کے باعث علاقے میں پہلے ہی سفر انتہائی مشکل تھا، تاہم تودہ گرنے کے بعد صورت حال مزید سنگین ہوگئی اور کئی گاڑیاں مکمل طور پر برف کے نیچے دب گئیں۔/1




## سرینگر ایئرپورٹ پر اپریل سے جولائی تک فلائٹ آپریشن محدود

### رن وے کی مرمت کے باعث اوقات کار میں تبدیلی ناگزیر

سرینگر/ یو پی آئی/ سرینگر انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر رن وے کی مرمت اور حفاظتی اپ گریڈیشن کے باعث اپریل سے جولائی تک فلائٹ آپریشن محدود رہیں گے۔ ایئرپورٹ اتھارٹی آف انڈیا کے مطابق انڈین ایئرفورس نے نوٹم جاری کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ 6 اپریل سے 31 جولائی تک رن وے پر جاری کاموں کے سبب طے شدہ پروازیں شام 5 بجے تک ہی چل سکیں گی۔ اس دوران معمول کے اوقات کار، جو فی الحال صبح 8 بجے سے رات 10 بجے تک ہیں، عارضی طور پر تبدیل کر دیے گئے ہیں۔ فی الحال روزانہ 60 کے قریب فلائٹ موومنٹس سرینگر ایئرپورٹ سے انجام دی جاتی ہیں، تاہم کم وقت میں فلائٹ شیڈول کو پورا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ائرپورٹ اتھارٹی کا کہنا ہے کہ گرمیوں کے ڈی جی سی اے سے منظور شدہ شیڈول کے مطابق ایئر لائنز اپنی پروازوں کی منصوبہ بندی نئے اوقات کار کے اندر ہی کریں گی۔/2


## پیٹرول ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی میں دس دس روپے فی لیٹر کی کمی

### حکومت کے اس فیصلے سے تیل مارکیٹنگ کمپنیوں پر دباؤ کم ہوگا



نئی دہلی/ یواین آئی/ بین الاقوامی بازار میں خام تیل کی قیمتوں میں اضافے کو دیکھتے ہوئے حکومت نے جمعہ کو پیٹرول اور ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی میں 10-10 روپے فی لیٹر کی کمی کا اعلان کیا۔ یہ کمی فوری طور پر نافذ ہوگئی ہے۔ حکومت کے اس فیصلے سے تیل مارکیٹنگ کمپنیوں پر دباؤ کم ہوگا اور انہیں فی الحال پیٹرول-ڈیزل کی قیمتیں نہیں بڑھانی پڑیں گی۔ وزارتِ خزانہ نے آج جاری نوٹیفکیشن میں بتایا کہ پیٹرول پر خصوصی اضافی ایکسائز ڈیوٹی 13 روپے فی لیٹر سے گھٹا کر تین روپے فی لیٹر اور ڈیزل پر 10 روپے فی لیٹر سے گھٹا کر صفر کر دی گئی ہے۔ وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے سوشل میڈیا پر ایک پوسٹ میں لکھا کہ "مغربی ایشیا بحران کے پیش نظر گھریلو استعمال والے پیٹرول-ڈیزل پر مرکزی ایکسائز ڈیوٹی میں 10-10 روپے فی لیٹر کی کمی کی گئی ہے۔ اس سے صارفین کو قیمتوں میں اضافے سے تحفظ ملے گا۔" انہوں نے بتایا کہ اس کی اطلاع پارلیمنٹ کو بھی دے دی گئی ہے۔ قابل ذکر ہے کہ مغربی ایشیا بحران کے سبب بین الاقوامی بازار میں خام تیل/3

### ڈیزل، پیٹرول پر ایکسائز ڈیوٹی میں کمی کا وزیراعظم کا فیصلہ انتہائی اہمیت کا حامل/ لیفٹیننٹ گورنر



سرینگر/ لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ وزیراعظم نے عوامی فلاح کو ترجیح دیتے ہوئے ایک تاریخی فیصلہ کیا ہے، جس کے تحت پیٹرول اور ڈیزل پر سنٹرل ایکسائز ڈیوٹی میں 10 روپے فی لیٹر کی کمی کی گئی ہے، تاکہ بڑھتی ہوئی قیمتوں کے بوجھ سے عام شہریوں کو راحت فراہم کی جاسکے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے مزید کہا کہ حکومت نے حکمت عملی کے تحت ڈیزل کی برآمد پر 21.5 روپے فی لیٹر اور ایوی ایشن ٹربائن فیول پر 29.5 روپے فی لیٹر ڈیوٹی عائد کی ہے، تاکہ ملک میں ایندھن کی وافر دستیابی کو یقینی بنایا جاسکے۔ انہوں نے وزیراعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ بروقت اور دوراندیش فیصلہ نہ صرف قیمتوں کو قابو میں رکھنے میں مددگار ثابت ہوگا بلکہ عام شہریوں کے معیارِ زندگی کے تحفظ کو بھی یقینی بنائے گا۔

## اسمبلی کا تازہ اجلاس ہنگامہ آرائی سے شروع

### بی جے پی نے نیشنل لاء یونیورسٹی کے قیام کے مطالبہ پر احتجاج کیا نیشنل کانفرنس نے مغربی ایشا کا بحران اُٹھایا

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر اسمبلی اجلاس کا دوسرا مرحلہ جمعہ کے روز ہنگامہ آرائی کے درمیان شروع ہوا، جہاں بھارتیہ جنتا پارٹی (بی جے پی) کے اراکین اسمبلی نے جموں میں نیشنل لاء یونیورسٹی (این ایل یو) کے قیام کے مطالبے پر زبردست احتجاج کیا۔ ایوان کی کارروائی شروع ہوتے ہی بی جے پی اراکین نے نیشنل لا یونیورسٹی کے پوسٹر اٹھا کر یہ مسئلہ اٹھایا اور نیشنل کانفرنس (این سی) کی قیادت والی حکومت سے وضاحت طلب کی۔ اپوزیشن اراکین نے اسمبلی کے اندر نعرے بازی کرتے ہوئے جموں میں این ایل یو کے فوری قیام کا مطالبہ کیا۔ دوسری جانب نیشنل کانفرنس کے اراکین نے مغربی ایشیا میں جاری بحران کا معاملہ اٹھاتے ہوئے ایران پر ہونے والے حملے کی مذمت کی۔ بی جے پی اراکین نے ایوان میں نعرے لگاتے ہوئے مجوزہ یونیورسٹی کے مقام کے بارے میں حکومت سے جواب طلب کیا اور کہا کہ جموں طویل عرصے سے اہم تعلیمی اداروں سے محروم رہا ہے، اس لیے اس معاملے پر فوری فیصلہ کیا جانا چاہیے۔ اپوزیشن کی جانب سے مسلسل نعرے بازی کے باعث ایوان کی کارروائی کچھ وقت کے لیے متاثر رہی۔ بعد ازاں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بی جے پی اراکین نے الزام لگایا کہ حکومت نے بے روزگاری سے متاثرہ جموں وکشمیر میں 24 ہزار ملازمتیں آؤٹ سورس کر دی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے جموں میں نیشنل لا یونیورسٹی کے قیام سے متعلق اپنے موقف پر ابھی تک کوئی واضح جواب نہیں دیا۔ بی جے پی اراکین نے/4

### ایران پر جاری جنگ ناجائز اور غیر قانونی ہے/ وزیراعلیٰ عمر عبداللہ

#### وزیراعظم مودی سے جنگ رکوانے کیلئے اپنے اثرورسوخ کا استعمال کرنے کی اپیل



سرینگر/ یو این ایس/ جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے ایران پر جاری جنگ کو ''ناجائز اور غیر قانونی'' قرار دیتے ہوئے نریندر مودی سے اپیل کی ہے کہ وہ اپنے سفارتی اثر و رسوخ کو استعمال کر کے اس جنگ کے خاتمے کیلئے کردار ادا کریں۔ انہوں نے یہ بیان جموں وکشمیر اسمبلی میں بطور قائد ایوان دیا، جہاں اس سے قبل ایران کے معاملے اور دیگر ایشوز پر شدید ہنگامہ آرائی دیکھنے میں آئی تھی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ وہ اپنی اور اپنے ساتھیوں کی جانب سے ایران پر مسلط کی گئی اس جنگ کی سخت مذمت کرتے ہیں اور اس تنازع میں جاں بحق ہونے والوں، بشمول آیت اللہ علی خامنہ ای، کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔///5

## صورہ میں سرراہ پھل فروش

### نامعلوم افراد کے حملہ میں زخمی

سرینگر/ اے پی آئی نیوز کے مطابق جناب صاحب صورہ کے علاقے میں اُس وقت سنسنی اور خوف ودہشت کا ماحول پھیل گیا جب نامعلوم افراد نے پھل فروش 18 سالہ مشتاق احمد ڈار ولد غلام رسول ساکنہ چنار کالونی بمنہ پر تیز دھار والے تھیار سے حملہ کیا۔ جس کے نتیجے میں 18 سالہ نوجوان شدید طور پر زخمی ہوا جسے فوری طور پر صورہ میڈیکل انسٹی چیوٹ منتقل کیا گیا جہاں اُس کی حالت خطرے سے باہر بتائی جارہی ہے۔ پولیس نے اس سلسلے میں کیس درج کر کے معاملے کی مزید تحقیقات شروع کردی۔

## تین برسوں کے دوران آگ کے 1800 سے زیادہ واقعات

### متاثرہ کنبوں کو 18 کروڑ روپے امداد کی صورت میں فراہم/ وزیراعلیٰ

سرینگر/ جموں وکشمیر میں تین برسوں کے دوران 1876 آگ کے واقعات رونما، متاثرین کو 18 کروڑ روپے امداد کی صورت میں فراہم کئے گئے۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر حکومت نے انکشاف کیا کہ گذشتہ تین برسوں کے دوران مرکزی زیر انتظام علاقے میں آتشزدگی کے 1876 آگ کے واقعت پیش آئے جبکہ متاثرہ کنبوں کو 18 کروڑ روپے کی مالی امداد فراہم کی گئی۔ نیشنل کانفرنس کے رکن اسمبلی علی محمد ساگر کے سوال کے جواب میں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا کہ تین برسوں میں جموں وکشمیر میں مجموعی طور پر 1876 آتشزدگی کے واقعات درج کئے گئے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ڈیزسٹر منیجمنٹ ریلیف بحالی اور تعمیر نو کے طور پر ریاستی ڈیزاسٹر ریسپانس فنڈ (ایس ڈی آر ایف) کے تحت طے شدہ اصولوں/8

## گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں ''زائدالمیعاد گلوکوز'' کا استعمال

### تفتیش کی رپورٹ آنے تک فی الحال تین ملازمین معطل کردئے گئے

سرینگر/ یو پی آئی/ گورنمنٹ میڈیکل کالج اننت ناگ میں مریضوں کو مبینہ طور پر ''ایکسپائرڈ گلوکوز'' دیے جانے کے معاملے پر انتظامیہ نے سخت نوٹس لیتے ہوئے بدھ کو اعلیٰ سطحی انکوائری کمیٹی تشکیل دے دی ہے، جبکہ ذمہ داری طے ہونے تک تین ملازمین کو فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ میڈیکل سپرنٹنڈنٹ نے واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ابتدائی رپورٹ میں کچھ بے ضابطگیاں سامنے آئی ہیں جن کی مکمل اور غیر جانبدارانہ جانچ ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریضوں کی صحت سے متعلق لاپرواہی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی، اسی لیے فوری کارروائی عمل میں لائی گئی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تشکیل شدہ انکوائری کمیٹی کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ واقعے کے ہر پہلو کی جامع جانچ کرے، یہ تعین کرے کہ ایکسپائرڈ/7

## اننت ناگ کے حسن پورہ میں مشکوک نقل وحرکت

### سیکورٹی فورسز کا وسیع سرچ آپریشن

سرینگر/ یو پی آئی/ جنوبی کشمیر کے ضلع اننت ناگ میں جمعہ کی صبح مشکوک نقل وحرکت کی مصدقہ اطلاع ملتے ہی سیکیورٹی فورسز نے حسن پورہ علاقے کو مکمل محاصرے میں لے کر ایک وسیع کارڈن اینڈ سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ ذرائع کے مطابق جموں وکشمیر پولیس، فوج اور سی آر پی ایف کی مشترکہ ٹیموں نے فوری کارروائی کرتے ہوئے علاقے کی ناکہ بندی کردی۔ تمام داخلی وخارجی راستوں کو بند کر کے گھر گھر تلاشی کا سلسلہ شروع کیا گیا، جبکہ آس پاس کے دیہات میں بھی/6

## ڈاکٹروں کی نجی پریکٹس پر پابندی کا کوئی منصوبہ نہیں/ حکومت

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں وکشمیر اسمبلی میں پیش کیے گئے ایک تحریری جواب میں محکمہ صحت وطبی تعلیم نے واضح کیا ہے کہ حکومت اس وقت ریاست کے سرکاری ڈاکٹروں کی نجی پریکٹس پر مکمل پابندی عائد کرنے کا کوئی منصوبہ نہیں رکھتی۔ یہ جواب ایم ایل اے عبدال مجید بھٹ کی جانب سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں پیش کیا گیا۔ حکومت نے اپنے جواب میں کہا کہ ماضی کے تجربات نے ثابت کیا ہے کہ نجی پریکٹس پر مکمل پابندی عائد کیے جانے سے عوام کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا تھا، جس کے نتیجے میں حکومت کو ایک منظم اور ریگولیٹڈ طریقہ کار اختیار کرنا پڑا جس کے تحت مخصوص شرائط کے ساتھ نجی پریکٹس کی اجازت دی گئی۔ حکومت کا کہنا ہے کہ مکمل پابندی سے کئی غیر مطلوبہ اثرات مرتب ہوسکتے ہیں، جن میں تجربہ کار ڈاکٹروں کا نجی شعبے یا بیرونی اداروں کی جانب نقل مکانی، سرکاری اسپتالوں میں ماہر ڈاکٹروں کی کمی، دیہی اور نیم شہری علاقوں میں طبی سہولیات تک عوام کی رسائی میں کمی، اور/9

## ہندوستان میں لاک ڈاؤن کی افواہیں ''غلط'' ہیں/ وزیر پیٹرولیم

### خوف وہراس پیدا کرنے کی کوششیں ''غیر ذمہ دارانہ اور نقصان دہ''



نئی دہلی/ یو این آئی/ پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے جمعہ کو کہا کہ عالمی صورتحال ابھی "غیر مستحکم" ہے، تاہم انہوں نے یقین دلایا کہ ہندوستان کی حکومت حقیقی وقت کی بنیاد پر توانائی، سپلائی چین اور ضروری اشیاء کی پیش رفت پر گہری نظر رکھے ہوئے ہے۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ایکس' پر ایک پوسٹ میں مسٹر پوری نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں، ملک بھر کے شہریوں کے لیے ایندھن، توانائی اور دیگر اہم اشیاء کی بلاتعطل دستیابی کو یقینی بنانے کے لیے تمام ضروری اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا "ہم ابھرتے ہوئے چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے مکمل طور پر تیار ہیں۔ ہندوستان نے عالمی غیر یقینی صورتحال کے سامنے مسلسل لچک اور مضبوطی کا مظاہرہ کیا ہے اور ہم بروقت، فعال اور مربوط انداز میں کارروائی جاری رکھیں گے۔ کسی بھی قسم کی پابندیوں کے بارے میں قیاس آرائیوں کو مسترد کرتے ہوئے، وزیر موصوف نے واضح طور پر کہا کہ ہندوستان میں لاک ڈاؤن کی افواہیں ''مکمل طور پر غلط'' ہیں اور انہوں نے وضاحت کی کہ حکومت کے زیر غور ایسی کوئی تجویز نہیں ہے۔ انہوں نے شہریوں سے پرسکون، ذمہ دار اور متحد رہنے کی اپیل بھی کی، اور متنبہ کیا کہ ایسی صورتحال میں افواہیں پھیلانے اور خوف وہراس پیدا کرنے کی کوششیں "غیر ذمہ دارانہ اور نقصان دہ" ہیں۔

## سرینگر آتشزدگی کے واقعے میں دو غیر مقامی افراد زخمی

سرینگر/ سرینگر کے حبہ کدل علاقے میں جمعہ کو کرائے کے مکان کے اندر گیس سلنڈر میں آگ لگنے سے دو غیر مقامی افراد جھلس کر زخمی ہوگئے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ واقعہ کا کرُوڈ میں پیش آیا، جہاں ان کے کمرے کے اندر آگ لگنے کے بعد دونوں کو شعلے سے کئی زخم آئے۔ جنہیں فوری طور پر علاج کے لیے ایس ایم ایچ ایس اسپتال منتقل کیا گیا۔ زخمیوں کی شناخت بہار کے رہنے والے 35 سالہ اور اسی جگہ کے رہنے والے 40 سالہ کے طور پر ہوئی ہے۔ دونوں اس وقت حبا کدل میں کرایہ دار کے طور پر مقیم تھے۔ انہوں نے بتایا کہ دونوں زخمیوں کی حالت فی الحال مستحکم ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

## چیف جسٹس آف انڈیا کا لہیہ پہنچنے پر شاندار استقبال کیا گیا

### لہیہ اور کرگل میں کورٹ کمپلیکسوں کا افتتاح کریں گے



سرینگر/ اے پی آئی/ چیف جسٹس آف انڈیا کا مرکزی زیر انتظام علاقے لداخ میں روایتی انداز میں استقبال کیا گیا۔ لیفٹیننٹ گورنر اور دیگر اداروں کے اعلیٰ افسران نے لہیہ ہوائی اڈے پر چیف جسٹس آف انڈیا کا استقبال کیا۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق سپریم کورٹ آف انڈیا کے چیف جسٹس سوریا کانتھ پہلی بار مرکزی زیر انتظام علاقے لداخ کے دورے پر آئے۔ لہیہ ہوائی اڈے پر اُن کا روایتی انداز میں استقبال کیا گیا۔ چیف جسٹس آف انڈیا کو لداخ میں مرکزی زیر انتظام علاقے کے لیفٹیننٹ گورنر، پولیس وسیول انتظامیہ کے افسران کے علاوہ مختلف مقامی قبائل کے نمائندوں نے استقبال کیا۔ چیف جسٹس آف انڈیا سوریا کانتھ کو خطے کے قبائلی تنوع کے بارے میں بریفنگ دے دی گئی اور ان کی آمد پر گارڈ آف/10

## جنگلات کی حفاظت کیلئے مامور دو عہدے دار ''رشوت خور'' نکلے

### اینٹی کورپشن بیورو کی طرف سے بچھائے گئے جال میں پھنس کے رہ گئے

جموں/ یو این آئی/ جموں وکشمیر اینٹی کرپشن بیورو (اے سی بی) نے جمعہ کے روز ضلع راجوری میں بڑی کارروائی کرتے ہوئے محکمۂ جنگلات کے ایک فارسٹ گارڈ اور ایک فارسٹر کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ گرفتار افراد کی شناخت محمد زمان (فارسٹ گارڈ) اور اعجاز احمد (فارسٹر) کے طور پر ہوئی ہے، جو راجوری کے باکوری (رینج کانڈی) میں تعینات تھے۔ یہ کارروائی ایک مقامی شہری کی شکایت پر عمل میں لائی گئی جو اپنی نجی زمین پر سیپٹک ٹینک اور زیرِ زمین ٹینک کی کھدائی کروا رہا تھا۔ شکایت کے مطابق 13 مارچ کو فارسٹ گارڈ محمد زمان نے کام رکوا دیا اور دعویٰ کیا کہ مذکورہ زمین محکمۂ جنگلات کی ہے۔ اس نے کام جاری رکھنے کے عوض 50 ہزار روپے رشوت طلب کی اور رقم ادا نہ کرنے کی صورت میں کام بند کروانے کی دھمکی دی۔ دباؤ میں آ کر شکایت کنندہ پہلے ہی 30 ہزار روپے آن لائن منتقل کر چکا تھا، تاہم ملزمان مزید رقم کے لیے اسے ہراساں کرتے رہے۔ جب دوبارہ 10 ہزار روپے کا مطالبہ کیا گیا تو متاثرہ شخص نے اے سی بی راجوری میں شکایت درج کرائی۔ اینٹی کرپشن بیورو نے جال بچھا کر دونوں/11

## لیفٹیننٹ گورنر کی آرمی گڈ ویل اسکول کے طلبہ کے ساتھ ملاقات

### آپریشن سد بھاونا کو عوام اور فوج کے درمیان رابطہ قرار دیا



سرینگر/ فوج کی جانب سے آپریشن سد بھاونا کو انتہائی اہمیت کا حامل قرار دیتے ہوئے جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ آپریشن سد بھاونا فوج اور عوام کے مابین رابطے کا بھی ایک ذریعہ ہے۔ اس طرح کے اقدامات نوجوان ذہنوں کی بہتر تربیت اور ایک بھارت شیشٹ بھارت کے جذبے کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ اے پی آئی نیوز کے مطابق جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے سوجیان پونچھ کے آرمی گڈ ویل اسکول میں زیر تعلیم 30 طلبہ کے ساتھ ملاقات کی جنہیں وائٹ نائٹ کور کی جانب سے ٹور پر لے جایا گیا۔ جموں وکشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر نے طلبہ کے وفد سے ملاقات کی اور کہا کہ جموں وکشمیر میں فوج کی جانب سے آپریشن سد بھاونا انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور فوج اور عوام کے مابین یہ رابطے کا بھی ایک اہم ذریعہ ہے۔ وائٹ نائٹ کور کے آوٹ ریچ پروگرام کے مقصد کے تحت سرحدی اور دور دراز علاقوں کے طلاب میں یکجہتی کو فروغ دینا اور اُن کی ہمہ جہت ترقی کو یقینی بنانے کا مقصد/12

